مولانا عبد القیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

رحمتِ کائنات | تالیف: حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ صفحات ۳۸۴، قیمت ۱۰۰
ناشر: قاضی محمد ثاقب الحسینی، دار الارشاد اٹک پنجاب

مخدوم محترم حضرت قاضی صاحب دامت برکاتہم سلفِ صالحین اور اکابر علماء دیوبند کے مسلکِ اعتدال کے علمبردار، مصنف، مفسر اور دینِ اسلام کے مخلص داعی ہیں "رحمتِ کائنات" ان کا عظیم اور مشہور عالم شاہکار ہے جس کی تالیف پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں انہیں ارشاد فرمایا "تمہارے مضمون کو میں نئی ترتیب دے رہا ہوں تاکہ انبیاء علیہم السلام کی مجلس میں پیش کروں گا" مسئلہ حیات النبی پر جب دار العلوم دیوبند کو خطوط لکھے گئے تو اساتذہ دار العلوم کی مجلس میں "رحمت کائنات" پڑھی گئی اور متفقہ طور پر یہ طے پایا کہ "رحمتِ کائنات" کے مضامین مسلک اور علمی تحقیق کے اعتبار سے کافی اور شافی ہیں اس کو ماہنامہ "دار العلوم" میں باقاعدہ قسطوار شائع کیا گیا، کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ اس کا ہر ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ لے لیا جاتا ہے پیش نظر کتاب اس کا آٹھواں ایڈیشن ہے قارئین سے گذارش ہے کہ "رحمتِ کائنات" سمیت حضرت قاضی صاحب کی تمام اصلاحی تصنیفات سے بھرپور استفادہ کریں۔

حبیب کبریا کے تین سو اصحاب | تالیف: جناب طالب الہاشمی صاحب، صفحات ۱۲، قیمت ۱۶۰
ناشر: محمد عثمان شمسی، بین اسلامک پبلشرز ۱۷، اردو بازار لاہور

محترم جناب طالب ہاشمی صاحب ملک کے معروف ادیب، مورخ، مصنف اور مانے ہوئے سکالر ہیں اب تک ان کی قلم سے ۵۰، کتابیں منصہ شہود پر آچکی ہیں سیرت طیبہ اور تاریخ و سوانح ان کا پسندیدہ موضوع ہے مگر حضرات صحابہ کرام اور صحابیات کے ایمان افروز تذکروں میں ان کے ساتھ رب ذو الجلال کی اجتبائی شان کا معاملہ ہے جس طرح صحابہ کرام کو اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقیت اور صحابیت کے لیے چن لیا تھا، اسی طرح محترم جناب طالب الہاشمی صاحب کو بھی اللہ نے جماعت صحابہ کے تعارف، دفاع اور ان کے ایمان افروز تذکروں کے لیے چن لیا ہے۔